جو مارکٹ پرائس (Market Price) سے بھی زیادہ ...
انکار نہیں کرسکتا - لیکن میں یہ بھی جانتا ہوں کہ ...
ہیں - بودھن میں ایسی زمینات بھی ہیں جہاں ...
ایسی زمینات کا دھارہ (۳۰) روپیہ ہے ...
کے متعلق ہے (۱۰) روپیہ رنٹ (Rent) ہو ...
(Assessment) کم ہوتے ہیں کہیں زیادہ مختلف ... Factors
کہیں پرائسس (Prices) کم ہوتے ہیں کہیں زیادہ
کے لحاظ سے مختلف پرائسس ہوتے ہیں - ورنگل کے دوست ...
کے بھی کچھ ہیں اودھر کے بھی کچھ ہیں انہیں معلوم ہوگا ...
دھان نکلتا ہے - وہاں دو ہزار روپیے فی ایکر زمین کی مارکٹ ویلیو (Market Value)
ہے - مدھیرہ - کھمم اور محبوب آباد میں بھی اسی طرح ہے - لیکن ہمارے محبوب نگر
میں تری زمین کی ساڑھے تین یا چارسو روپیہ مارکٹ ویلیو رہی ہے - ...
یہ کہا ہے کہ ناٹ اکسیڈنگ فائیو ٹائمس (Not exceeding five times)
ناٹ اکسیڈنگ فورٹائمس (Not exceeding four times) وغیرہ - ...
(Tribunal) میں جب کسی نزاع کے سلسلہ میں ...
دوسرے فیکٹرس (Factors) بھی دیکھے جائینگے جو لینڈ (Land
کی قیمت پر اثر انداز ہونے والے ہیں - لیکن وہ قیمت جس کے متعلق ٹننٹ (Tenant
یا لینڈ اونرس (Land owners) آپس میں طے کرلینگے وہ ...
ہوسکے گی - مگر ٹرائیبیونل میں یہ دیکھا جائیگا کہ کہاں کہاں فیر پرائس (Fair
Price) کا انڈیکیشن (Indication) رکھنا ہوگا - آپ کو تھری ٹائمس
گراس پروڈیوس (Three times gross produce) پر اعتراض تھا - آخر
کونسا معیار رکھا جائے ؟ اگر اس پر بھی اعتراض ہوتا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ
ہمارے دوست اس پر غور مکرر کریں -

معاوضہ کے تعلق سے میں آپ کو بتاؤنگا کہ کیا دنیا کے دوسرے ممالک بھی
معاوضہ دیتے ہیں ؟ میں رومانیہ کی ایک مثال کوٹ کرونگا -

After the occupation of Rumania by the Russian armies at the end of World War II, the Groza Government came at the helm of the affairs and all estate owners were expropriated, only holdings of 50 hectares were left to them as home farms....

یہ سیلنگ سے متعلق ہے - اور ہنگری میں

The basic principle kept in mind while redistributing land was that the holdings of a peasant should not go beyond his

limits of tilling it. The new owners of land were to pay the State 20 times the net annual income of land.

جہاں کہیں کانفسکیشن (**Confiscation**) ہوا ہے وہ انٹی نیشنل ایلیمنٹس (**Anti-national elements**) کے خلاف ہوا ہے - اگر یہاں بھی انٹی نیشنلس کے خلاف رکھا جائے تو میں اس سے بالکل متفق ہوں - میں پوچھتا ہوں کہ آخر آپ یہاں انٹی نیشنل کسکو سمجھتے ؟ وہ جو پرو پاکستانی ہو - پروبرٹش ہو یا پرو نظام ہو - نظام کو ظل اللہ بنانا چاہتا ہو - اور آپ پر تو یہ بھوت سائے کی طرح لگا ہوا ہے کہ کہیں برٹش یا نظام ہمارے پیچھے نہ آرہا ہو - اگر آپ اس کے لحاظ سے ایسا کہتے ہیں تو میں مجبور ہوں - لیکن میں تو اپنے پیچھے ایسا کوئی سایہ نہیں سمجھتا - مجھ پر تو یہ بھوت نہیں - میں اس ملک میں کسی کو انٹی نیشنل نہیں سمجھتا - اسلئے میرے پاس تو کانفسکیشن کا کوئی سوال نہیں - آج ہم یہاں ففٹی ٹائیمس (**Fifty times**) سکسٹی ٹائمس (**Sixty times**) سیونٹی ٹائمس (**Seventy times**) کنمپنسیشن (**Compensation**) رکھتے ہیں تو زیادہ معلوم ہوتا ہے - یہ کیسے ہوسکتا ہے ؟ آپ تو کہتے ہیں کہ بلا معاوضہ ہونا چاہئے -

مجھے زرعی مزدوروں کے متعلق بھی کہنا ہے - اس ملک میں ایسے مزدور ۳۲ لاکھ ہیں - کیا ان میں لینڈ ڈسٹریبیوٹ (**Distribute**) ہوسکے گی ؟ بھودان یگنہ کا بھی مقصد تھا کہ ہمارے پاس کے لینڈلس ورکرس کو لینڈ ملے - اور جتنی خارج کھاتہ پرمپوک لینڈ ہے لیبررس کو ملجائے تاکہ انہیں منیمم ویجز (**Minimum wages**) ملیں - اس سے کسی کو اختلاف نہوگا - مجھے یقین ہے کہ عنقریب ایسا انتظام ہو جائیگا - کاٹیج انڈسٹریز کی طرح لینڈ پرابلم (**Land problem**) بھی ہمارے فائیو ایر پلان (**Five-year plan**) کا ایک جزو ہے - کاٹیج انڈسٹریز (**Cottage industries**) میں کئی امور ہیں جنکے ذریعہ روزگار ملیگا چاہے ان سے آپ ایگری (**Agree**) کریں یا نہ کریں وہ عمل میں آئینگے -

مجھے لینڈ کمیشن کے بارے میں بھی کچھ کہنا ہے - ممکن ہے اس میں خرابیاں ہوں - کرپشن (**Corruption**) ہو - یہ آپکے نقطہ نظر سے ہوگا - میں اس بارے میں یہ کہونگا کہ ہمارا پریزنٹ آئی - سی - ایس اڈمنسٹریشن اس کو عمل میں نہیں لاسکتا - میں اس سلسلے میں کانگریس ایگریکلچرل ریفارمس کمیٹی کا خیال ہاؤس کے سامنے پیش کرونگا - اس میں کہا گیا ہے کہ اس کے لئے اکنامک سروسس (**Economic Services**) کی ضرورت ہے - پریزنٹ اکنامک کنڈیشنس (**Present Economic Conditions**) میں آئی - سی - ایس اڈمنسٹریشن کام نہیں کرسکتا - اس کے لئے اکنامک سروسس قائم کرنا ہوگا - ممکن ہے آئی - سی - ایس عہدہ دار ناظم زراعت ، ناظم تعمیرات ، ناظم بندوبست ، ناظم طبابت ، ناظم علاج حیوانات کے عہدوں کے لئے

سوزوں ہوں - لیکن میں نہیں مانتا کہ یہ طبقہ اکنامک سسٹم کے لئے کچھ کر سکتا ہے -
اس کے لئے اکنامک سرویسس کی ضرورت ہے - ان خیالات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم
کرتا ہوں -

* **شری پاپی ریڈی** (ابراہیم پٹن - عام) - مسٹر سپیکر سر - یہ جو ہمارے سامنے جو
حیدر آباد ٹیننسی اینڈ لینڈ ریفارمس بل جس طریقہ سے پیش ہوا ہے اور جس طرح آنریبل
ممبرس آف دی ادر سائیڈ نے جسطرح اپنے ویوز کو اکسپرس (Express) کیا ہے
اس سے میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ گورنمنٹ اور رولنگ پارٹی لینڈ پرابلم کو کس
کے ذریعہ فنڈامنٹلی (Fundamentally) سالو (Solve) کرسکتی ہے - یہ
آرگومنٹ (Argument) ہمارے سامنے پیش کیا جاتا ہے کہ ہم کو معتمد
کلکٹیویزم (Collectivism) ہے - میں کسی دوسری تھیوری کی انٹرپریٹیشن دینا
نہیں چاہتا - کمپنزیشن (Compensation) کے بارے میں کہا گیا - مجھے پہلے
یہ عرض کرنا ہے کہ اس جانب کے آنریبل ممبرس لینڈ پرابلم کو جس پوائنٹ آف ویو
(Point of view) سے حل کرنا چاہتے ہیں وہ بالکل غلط ہے - یہ کہا جاتا ہے کہ ہم
لینڈ اونرس (Land owners) سے زمینات چھین لیکر انہیں بازاروں میں پھرانا
چاہتے ہیں - انکا یہ خیال غلط ہے - ابھی ابھی ایک آنریبل ممبر یہ کہے ہیں کہ ہم پر
برٹش کا بھوت سوار ہے نظام کا بھوت سوار ہے - مجھے معاف کریں میں تو انکے لئے یہی
کہونگا کہ خود ان پر لینڈلس ہوجانے کے خوف کا بھوت سوار ہے - اس بھوت سے ڈر کر
وہ ایسی دلیل پیش کرتے ہیں - پہلے یہ معلوم ہونا چاہئیے کہ ملک میں کتنی لینڈ ہے -
اور ساتھ ہی ساتھ یہ بھی کہ پروڈکشن (Production) کی ڈگری (Degree)
کیا ہے - آپ کہتے ہیں کہ ہم اس طرح ہولڈنگ اور سیلنگ مقرر کر کے لینڈ لارڈ سے
زمین حاصل کرلینگے - لیکن آپ نے ہولڈنگس کے مفہوم کو اتنا پیچیدہ رکھا ہے کہ کم
ازکم میں تو نہیں سمجھ سکا کہ یہ فیملی ہولڈنگ کیا ہے - اسکی نسبت میں بعد میں عرض
کرونگا - میں کہونگا کہ لینڈ پرابلم کو آپ جسطرح انالائیز (Analyse) کررہے
ہیں وہ رانگ (Wrong) ہے - آنریبل ممبر چادر گھاٹ کہتے ہیں کہ ہمارے
پاس اتنے ملین (Million) لینڈ ہے - اوراس میں کاشت لینڈ ون فورتھ (One fourth)
بھی نہیں ہے - میں کہونگا کہ انہیں اگریکلچر کا اکسپیرینس (Experience) نہیں
ہے - اگر وہ دیہات میں رہتے یا اپنی لائیف دیہات کے کاشتکاروں میں گزارتے تو انہیں
صحیح حالت کا اندازہ ہوتا - میں پوچھتا ہوں سرپلس لینڈ (Surplus land)
کہاں ہے بتلائیے - آخر ہے کہاں سرپلس لینڈ - اگریکلچر کیلئے اگریکلچرل لینڈ ہی نہیں
بلکہ فارسٹ ، گائیران جانوروں کو چرانے کیلئے زمین یہ سب ضروری ہیں - کیا ان کو
آپ سرپلس لینڈ سمجھ رہے ہیں ؟ اگر آپ میتھمیٹیکلی اس کو سرپلس کہہ دیتے ہیں تو

*Confirmation not received.

مجھے اس سے بحث نہیں - سرپلس لینڈ تو وہ ھے جو دادا پردادا کے زمانے سے هزاروں ایکر ایک هی شخص کے پاس چلے آرھے هیں - اور دوسری طرف غریب کسان ھے جسکے پاس کچھ بھی نہیں - اگر آپ اس پر کنسیڈر کئے بغیر پرابلم کو سالو کرنا چاهتے هیں تو یه درست نہیں - اس ریاست کا خاص ڈفکٹ یه ھے که یہاں لینڈ لارڈ اکسپلائیٹیشن (Exploitation) کرتا ھے - اسکو انڈ (End) کرنے کی ضرورت ھے - آپ کہتے هیں که هم کلکٹیویزم لانا چاهتے هیں اسکے لئے هولڈنگ فکس کرتے هیں - میں کہونگا که یه غلط ھے - پہلے لینڈ لارڈازم اور اسکے متبنی بچے ٹیننسی کو ختم کرنا چاهئے - میں یہاں سر هنری کا ایک کوٹیشن پیش کرتا هوں جسکو مس ریپریزنٹ (Misrepresent) کیا گیا میں اسکی صحیح تعبیر کرونگا -

'The magic ownership of property turns sand into gold'.

قانون کے ذریعه اگر ٹیننٹ کو لینڈ اونر بنادیا جائے تو دیکھئے که پروڈکشن کس قدر بڑھتا ھے - اگریکلچر اتنا آسان کام نہیں ھے - آنریبل ممبر یه جو کہتے هیں که فیملی هولڈنگ کافی ھے میں کہونگا که یه ناتجربه کاری کی بات ھے - اگر ایک کاشتکار ایک موٹ رکھتا ھے تو وہ اپنی وٹ کلٹویشن (Wet Cultivation) کے ساتھ ساتھ اسی کے بازو کچھ ڈرائی کلٹیویشن (Dry Cultivation) بھی کریگا - هوسکتا ھے که جو جاگیردار یا مقطعه دار رھے هوں وہ کچھ اور کہیں - فیملی هولڈنگ کیلئے دو بیل کسی کام کے نہیں هوسکتے - همارے پاس زراعت اتنی کامپلیکیٹڈ (Complicated) ھے که اگریکلچرسٹ کو ڈرائی اور وٹ دونوں کلٹویشنس کرنا پڑتا ھے - اگر آپ کسی شخص کو ۲۰ ایکر وٹ لینڈ بھی دیدیں تو وہ اس سے اپنی زندگی نہیں گزارسکتا - اسطرح یه مسئله کامپلیکیٹڈ ھے - اسکا کرکٹ سولیوشن (Correct solution) یہی هوسکتا ھے که لینڈ لارڈازم (Landlordism) اور اسکے متبنی ٹیننسی کو ختم کیا جانا چاهئے - همارے اسٹیٹ پر جو ٹیننسی ایکٹ لاگو هوا ھے اسکے ذریعه زمینداروں کو یه بتادیا گیا که اسطرح کا ایکٹ آنے والا ھے - جس کا نتیجه یه هوا که کئی بیدخلیاں هوئیں - لاکھوں ایکر زمین بک گئی - دو هزار میں زمین بیچنے والا (۸۰۰) میں زمین دینے تیار هوگیا - دو دو هزار ایکر لینڈ فروخت کیگئی آنریبل چیف منسٹر کہتے هیں که سابقه هلتھ منسٹر نے ۱۸ ایکر لینڈ ۳۶ هزار میں بیچا ھے - بڑی اچھی بات ھے - اگر الکشن میں آپ کا یہی سلوگن رهتا که آپ ۱۸ ایکر لینڈ ۳۶ هزار میں بیچنے والے هیں تو معلوم هوتا که اوس جانب کتنے آنریبل ممبرس سیٹس پر رهتے - میں یه صاف کہونگا که آپ نے ٹیننسی ایکٹ کے ذریعه لینڈ لارڈ کو یه اشاره کردیا که آپ اس سے بھی ریڈیکل بل (Redical Bill) لانے والے هیں - لینڈ لارڈس نے اپنی سرپلس لینڈ کو بیچ لیا - اب جن کے پاس لینڈ رهگئی ھے وہ ایسے هیں جو سلف کلٹیویشن (Self cultivation) کرتے هیں - ایسوں کو لینڈ لارڈ مان کر انکی زمینات لے لینا چاهتے هیں اور پھر کامپنزیشن (Compensation)

کا سوال بھی ہے - جب تک کانسٹی ٹیوشن ہے کامپنزیشن کا سوال رہیگا - اس کو سنے کی تو
ہم میں شکتی (शक्ति) نہیں ہے - لیکن نامنل کمپنزیشن (Nominal Compensation)
کیوں نہیں رکھا جاتا ؟ اس وقت تو اگر ایک ایکر بھی ... اس
جانب کے آنریبل ممبرس نکالیں تو میں ان کے ساتھی ہونگا - آنریبل ممبر جو یہ کہہ رہے
ہیں کہ سیلنگ (Ceiling) کے اوپر بند ہو تو ہم اس ایکٹ کے ذریعہ اسکو بے معنی کرتے ہیں -
یہ بات کسقدر بے معنی ہوجاتی ہے - یعنی آپ سیلنگ کے ... زمین ... ہو سکے
تو نہیں لیتے - اس سے کوئی ہمدردی نہیں ہے - ہمارے پاس ایک اور ذریعہ اگریکلچرل
لیبرس (Agricultural labours) کے بارے میں ہے - میں کہونگا کہ انڈسٹری
(Industry) کے تعلق سے جو ایکٹ لاگو کیا گیا ہے اسکے ذریعہ انڈسٹریل
لیبر کو جو کنسیشنس حاصل ہیں وہی اگریکلچرل لیبر کو بھی ملنے چاہئیں - ہمارے
اگریکلچر کا ڈھنگ ہی کچھ ایسا ہے کہ کوئی کاشتکار بغیر کسی دوسرے کی مدد کے کاشت
کرھی نہیں سکتا - خواہ وہ بیسک ہولڈنگ کے برابر لینڈ رکھتا ہو یا فیمی ہولڈنگ کے
برابر - اسکو بھگیلوں اور کم از کم بیل چلانے کیلئے ایک لڑکے کی تو ضرورت ہوتی ہے -
اگر ان پر یہ ایکٹ لگادیا جائے تو کم سے کم بہت سے پٹہ دار اپنی کاشت سے خود بخود
دستبردار ہوجائینگے - کیونکہ مجھے اس کا تجربہ ہے - اگر کاشتکار لیبر کو سمپتھیٹیکلی
(Sympathetically) معاوضہ دے تو اسکے پاس اتنا ہی بچ سکتا ہے جتنا کہ اسکی
گذر بسر کے لئے کافی ہوتا ہے - اگر لیبر کا اکسپلائٹیشن (Exploitation) کیا
جائے تو ہوسکتا ہے کہ اسکے پاس کچھ بچے - اگر یہ ایکٹ (Act) اگریکلچر پر
بھی لاگو کردیا جائے تو میں کہونگا کہ دیشمکھ دیشپانڈے راجے مہاراجے جو لیبر کو
اکسپلائیٹ کرتے ہیں انہیں لیبر کو صحیح طریقہ پر معاوضہ ادا کرنا پڑیگا اور میں
سمجھتا ہوں کہ بہت سے آنریبل ممبرس استعفا دیدینگے - یہ صحیح سولیوشن (Solution)
ہے - اب رہا یہ مسئلہ کہ بیسک ہولڈنگ کتنی ہونی چاہئے فیمی ہولڈنگ کتنی ہونی
چاہئے سیلنگ کتنی ہونی چاہئے اس میں تری زمین کتنی ہو - باغات کی کتنی - چلکہ
کتنی - بلاک کاٹن سائیل کتنی - یہ پیچیدہ مسئلہ ہے - اگر ان پارلیمنٹری (Unparliament-
ary) نہو تو اسکی نسبت میں یہ کہونگا کہ ایسا کرنے میں نادانی کررہے ہیں اس
سے کوئی پرابلم سالوو ہونے والا نہیں ہے - یہ اسی صورت میں سالوو ہوسکتا ہے جبکہ اینڈ
لارڈزم کو ختم کر کے گورنمنٹ جو کچھ بھی معاوضہ انسٹالمنٹس کے ذریعہ دینا طے پائے
ڈسائیڈ کر کے ادا کرے - اسکے لئے نہ پروٹیکٹڈ ٹیننسی کا کاغذ لکھکر دینے کی ضرورت
ہے اور نہ ایوکشنس کی گنجائش ہے - آپ یہ اعلان کردیں کہ وہ خود شوق سے زراعت کرلیں
تو آپ دیکھینگے کہ وہ اچھی مینیور (Manure) دینگے - محنت کرینگے - آپ کا
پروڈکشن بھی بڑھیگا - ملک بھی پراسپرس (Prosperous) ہوگا - اگر آپ
پر کیپیٹا (Per capita) ڈسٹریبیوٹ کرنا چاہتے ہیں تو کہاں ہیں آپ کے

ملین ایکرس آف لینڈ ـ سرپلس لینڈ کہاں سے نکالینگے؟ کیا فارسٹس کو خم کردینگے ؟ آنریبل فارسٹ منسٹر جانتے ہیں کہ وہاں تو بڑے بڑے سانڈ رہتے ہیں ۲۰ پرسنٹ فارسٹ ابریا بھی ہمارے پاس نہیں ہے ـ آج ڈسٹریبیوشن کا سوال نہیں ہے ـ جو اگریکلچر کرسکتا ہے اسکے پاس لینڈ رہے یہ سوال ہے ـ حیدرآباد میں کوئی ہزار ایکڑ پر سلف کلٹیویشن نہیں کرتا ـ اگر ایسا کرتا ہے تو وہ ٹیننٹس کو اکسپلائیٹ کرتا ہے ـ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ان برابلمس (Problems) کو حل کرنے کا طریقہ آپ نے غلط اختیار کیا ہے ـ کئی آنریبل ممبرس کا خیال ہے کہ پر کیپیٹا انکم (Per capita income) کو ڈیوائیڈ (Divide) کریں ـ ہم چاہتے ہیں کہ جو محنت کرتا ہے اسکے پاس لینڈ ہونی چاہئے ـ لیکن آپکا اصول آپکی تھیوری (Theory) الگ ہے ـ ہم چاہتے ہیں کہ لینڈلیس (Landless) لوگوں کو لینڈ دیجائے لیکن آپ نے جو طریقہ اختیار کیا ہے وہ ہوپ لیس (Hopeless) ہے ـ اس طریقہ سے مسئلہ کو حل کرنا امپاسبل (Impossible) ہے ـ ہم چاہتے ہیں کہ مڈل مین (Middle-man) کو نکالدیا جائے اور جو سلف کلٹیویٹر (Self cultivator) ہے اسکے پاس لینڈ رہنی چاہئے ـ محنت تو کسان کرتا ہے اور لینڈ لارڈ بیٹھے ہوئے مزہ کرتے ہیں ـ جتنے آنریبل ممبرس اوس طرف بیٹھے ہیں میں انہیں چیلنج دیتا ہوں کہ اسکو غلط ثابت کریں ـ چاہئے میں اپنی زمین سے دستبردار ہونیکے لئے تیار ہوں ـ آپ نے کیا بیسک ہولڈنگ رکھی ہے ـ ایک طرف تو آپ ٹیننٹ کو کہتے ہیں کہ آٹھ سو روپیہ سے زیادہ آمدنی کی زمین ہو تو لینڈ لارڈ ذاتی کاشت کیلئے نکال لینگے ـ سیلنگ کا حق لینڈ لارڈ کیلئے آپ نے جو رکھا ہے وہ میری سمجھ میں نہیں آتا ـ فیملی ہولڈنگ کا تصور آپکے پاس عجیب و غریب ہے ـ دو بیل ـ ایک باپ ـ اسکے دو بچے یہ کیا تصور ہے؟ میں پوچھنا چاہتا ہوں ایسے کتنے خاندان ہیں جو آپکی فیملی ہولڈنگ کے تحت آتے ہیں ؟ ایسے کتنے لوگ ہونگے جنکی دو بیویاں ہیں ؟ اب کیا کرینگے آپ بتائے ـ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ کسطرح کے آپ لینڈ ریفارمس لانا چاہتے ہیں ـ لینڈ ریفارمس اسطرح سے نہیں ہوسکتے بلکہ آسان طریقہ یہ ہے کہ لینڈ لارڈ کو فوراً ختم کردیا جائے ـ آپ اسکو تو امپاسبل (Impossible) کہتے ہیں اور جو طریقہ خود اختیار کرتے ہیں اوسکو بڑا پروگریسیو بتاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ بالکل جائز ہے ـ وکالت کرتے ہیں آپ اور آپکے پاس زمینات بھی ہیں ـ ڈاکٹر ہونیکے ساتھ ساتھ آپ لینڈ لارڈ بھی ہیں ـ میں کہتا ہوں کہ کوئی حق نہیں ہے آپکو ـ جائیے آپ وکالت کیجئے ـ آپ ڈاکٹری کیجئے ـ زمین تو اوسکو ملیگی جو سلف کلٹیویٹر ہے ـ اگر نہیں تو وکالت چھوڑئے ـ آئیے سلف کلٹیویشن کیجئے ـ ورنہ وہی اکبر کے زمانہ کے ٹوڈرمل کے طریقے پر جانا ہوگا ـ لیکن اگر ایسا لیجسلیشن لائیں تو بہت سے آنریبل ممبرس کو دستبردار ہونا پڑیگا ـ میں اوس جانب کے آنریبل ممبرس سے پوچھونگا کہ کتنے دیانت دار لینڈ لارڈس ایسے نکلینگے جو واقعی طور پر سلف کلٹیویشن کرتے ہیں ؟ حقیقت

میں وہ یا تو ڈاکٹر ہیں - وکیل ہیں یا لیڈر ہیں - آج کل لیڈروں کو بھی کافی آمدنی ہوتی ہے - اگر وہ منسیر کلٹیویٹرس ہیں تو وہ محسوس کرتے ہونگے کہ زراعت سے آمدنی حاصل کرنے میں بڑی مشکل ہے - میں نے فوج سے واپس آنے کے بعد کاشت کرکے دیکھا ہے - بڑی مشکل سے آمدنی اور خرچ کو مینیج (Manage) کیا جاسکتا ہے - میرے پاس نہ دیشمکھی ہے اور نہ مقطعہ ہے - کچھ نہیں ہے - دو سال سے میں نے اگریکلچرل ڈپارٹمنٹ کے دروبگنڈے کو دیکھکر انجن کے ذریعہ کاشت کرکے بھی دیکھا - نتیجہ یہ ہوا کہ انجن کے لئے جو قرضہ لیا تھا وہ بھی ادا نہ ہوسکا - بات یہ ہے کہ خود محنت کرکے دولتمند ہونا مشکل ہے - ہاں لوگوں کی محنت کو اکسپلائیٹ کرکے بن سکتے ہیں جیسا کہ لینڈ لارڈز ہیں - یا اگر لیڈر بن جائیں تو ہوسکتا ہے - یہ ایک دوسری چیز ہے - دوسری چیز جسے میں نے هاؤز کے سامنے رکھا ہے وہ یہ سولیوشن ہے کہ ٹیننسی ختم کردیں تو ٹیننٹس خود ختم ہوجائینگے - اور اونر شپ کاشتکاروں کو دیدیں - ایسے کم کاشتکار ہیں جو سیکڑوں یا ہزاروں ایکڑ زمین کاشت کرتے ہونگے - اگر لوکل میتھڈس (Local methods) سے کلٹیویشن کریں تو ایسا کرنا ممکن نہیں ہے - صرف اتنی زمین کاشت کرسکتے ہیں جس سے گزر بسر ہوسکے - لینڈ ڈسٹریبیوشن کا سوال کہاں ہے - وہ بہوت جو سوار ہے کہاں ہے ؟ کانسٹی ٹیوشن میں تو کمپنزیشن (Compensation) دینے کا سوال ہے - یہ ہے آپکا ڈیفرنٹ ایکشن (Different action) - آپ کوئی ایکٹ نکالتے ہیں - ایکٹ تو نکالتے ہیں لیکن لینڈ لارڈ کو پنشمنٹ (Punishment) کیلئے اسمیں کوئی سکشن نہیں ہوتا - آپ لینڈ لارڈ کے ساتھ اتنی رعایت کرتے ہیں کہ اسکو کوئی دھکا پہنچانا نہیں چاہتے - نتیجہ یہ ہے کہ وہ لینڈ لارڈ جنکے پاس کافی پیسہ ہے کریمنل کیسس میں پھنستے ہیں لیکن کہاں ہے آپکی حکومت ؟ انکو کوئی سزا نہیں ملتی کوئی پنشمنٹ نہیں ہوتا - ٹیننسی رولس کی سیکیوریٹی کو میں چیلنج کرونگا - اب کا قانون نکلنے کے بعد کتنوں کو فائدہ پہنچا ہے ؟ کتنے ٹیننٹس بیدخل ہوگئے ہیں ؟ کتنوں نے لینڈ بیچدی ہے ؟ آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ کسطرح آپکا قانون ہلپ لیس (Helpless) ہے - اسٹاٹسٹکس (Statistics) دیکھیں تو آپکو معلوم ہوگا - آپکے کسی قانون میں جرات نہیں ہے کہ خلاف قانون عمل کرنے والوں کو پنش (Punish) کرے - جب ایسے لوگوں کو سزا نہیں دیجاتی تو پھر قانون کا حاصل کیا ہوا - جب ایک قانون ایسا ہو جس میں پنشمنٹ کا اختیار نہ ہو تو وہ قانون کیسے چلیگا - اسکے باوجود کہا جاتا ہے کہ جو امنڈمنٹ بل لایا گیا ہے وہ پروگریسیو ہے - سارے ہندوستان کیلئے نظیر بننے والا ہے - میں کہونگا کہ اسکو قانون کہنا ہی غلط ہے - یہ قانون نہیں ہے - آٹھ سو روپیہ کی فیملی ہولڈنگ غلط ہے - سیلنگ غلط ہے - البتہ اگر کسی کو گیرنٹی (Guarantee) دیگئی ہے اور کوئی محفوظ کیا گیا ہے تو وہ لینڈ لارڈ ہے جو دوسروں کی محنت اور کمائی میں انوالوڈ (Involved) ہے - یہ ایک نیا موقع ہے -

کوئی لینڈ اونر بچا نہیں ھے جو زراعت در دار و مدار رکھکر تھری ٹائیمس (Three times) سے زیادہ رکھتا ھو۔ اب رنٹ کا سوال آتا ھے ۔ چاںکہ زمین کیلئے رنٹ مالگزاری کا فور ٹائیمس (Four times) رکھا گیا ھے ۔ میں ھاؤز سے کہونگا کہ مالگزاری عمر گزاری آپ سنتے آئے ھیں ۔ خسکی کی چاںکہ زمین کیلئے مالگزاری آٹھ آنے سے ایکر روپیہ تک ھے ۔ اسکو فور ٹائیمس رنٹ (Four times rent) در رکھیں تو ریزنیبل (Reasonable) ھوگا لیکن تری کٹیویشن کے بارے میں میں کہونگا کہ بودھن کی مثال دیکھنا بیکار ھے ۔ موسی ندی کی کنال کے کنارے جو فی ایکڑ دھارہ (۲۴) روپیہ ھے اوس ایک ایکڑ میں جو کٹیویشن کیا جاتا ھے اوسمیں ایک کھنڈی اناج بیدا ھوتا ھے جسکی قیمت (۲۸۰) روپیہ ھوسکتی ھے ۔ اسمیں کلچائی ھے ۔ مزدوری ھے رکھوالی ھے بیلوں کی خریدی کے اقساط ھیں تو اسکے لئے جو رنٹ آپ نے فکس کیا ھے کیا وہ صحیح ھے ؟ آپ کہتے ھیں کہ یہ ھمدردانہ ھے ۔ سینس آف ڈیسنسی (Sense of decency) کے تحت کیا گیا ھے ۔ یہ ریڈیکل چینج ھے ۔ پروگریسیو چینج ھے ۔ میں کہونگا کہ یہ صرف اکسپلائیٹیشن (Exploitation) ھے ۔ گورنمنٹ ڈیپلومیٹس کا رانگ کیالکیولیشن (Wrong calculation) ھے ۔ گورنمنٹ مشنری میں ان اکسپیرینسڈ ھینڈس (Inexperienced Hands) ھیں اسلئے ایسا ھورھا ھے ۔ اگر ذرا اگریکلچرل ڈیفیکلٹیز بر نظر رکھتے اور ذرا زراعت سے بالکل نزدیک رھکر کسی در سپروائیز (Supervise) کرتے تو آپ محسوس کرتے کہ زراعت کس طرح کیجاتی ھے ۔ برچیزنگ کے بارےمیں آپ نے کہا کہ ففٹین ٹائیمس (15 times) ٹویلو ٹائیمس (12 times) ۔ میں بوچھنا چاھتا ھوں کہ گورنمنٹ اتنی بڑی مشنری اتنی بڑی فورس کو اپنے باس رکھکر مالگزاری کا دھارہ دس آنہ سے لیکر ایک روپیہ تک وصول کرتی ھے اور لینڈ لارڈز کو ٹولو ٹائیمس (12 times) دلانا چاھتی ھے ۔ ایک مڈل مین (Middleman) کو گورنمنٹ اتنی سپورٹ (Support) دیتی ھے اور اسکا خیال نہیں کرتی جو حقیقت میں محنت کرتا ھے ۔ کاشتکار کے اکسپلائیٹیشن میں حکومت لینڈ لارڈ کی ھمت افزائی کرتی ھے ۔ حالانکہ نامینل کمپنزیشن دیکر زمینداریاں ختم کریں تو ھوسکتا ھے ۔

Land belongs to the country or in otherwords to the Government wich is its agent.

مگر آپ نے جو طریقہ اختیار کیا ھے اوس سے کوئی خوش نہ رہ سکیگا ۔ اس طریقہ سے نہ مالک خوش رھیگا اور نہ ٹیننٹ ۔ ٹیننسی کے کا مپلیکیشنس (Complications) اور بڑھ جا ئینگے ۔ پروڈکشن پر اثر پڑیگا ۔ یہ آپکی سروس ھے ۔ گیرنٹیڈ سرویس ۔ دی موسٹ گیرنٹیڈ سرویس از دی آرمی ۔ نیوی آر ایرفورس

The most guaranteed service is the Army, Navy, or Air Force

ایسے لوگوں کے لئے بھی لینڈ (Land) دینے کے لئے پراویژن رکھا گیا ھے ۔ حالانکہ

انہیں خود پنشن (Pension) ملتی ہے ۔ ان کے چلڈرن (Children) کو پنشن ملتی ہے ۔ اون کی ویڈوز (Widows) کو پنشن (Pension) ملتی ہے ۔ جب کبھی وہ جراٴت اور بہادری کا کام کرتے ہیں تو میڈلس (Medals) دئے جاتے ہیں ۔ کمپنسیشن (Compensation) دیا جاتا ہے ۔ پھر ایسے اکس سرویس مین (Ex-service men) کے لئے لینڈ (Land) رکھنے کی کیا ضرورت ہے ؟ میں تو یہ کہونگا کہ وہی بورژوامینٹالیٹی (Bourgeois mentality) ہے ۔ میں ایک زمانہ کے بعد یہ لفظ استعمال کررہا ہوں ۔ آپ ان لوگوں کے لئے تو اتنے گرانٹس رہنے کے باوجود لینڈ (Land) دینا چاہتے ہیں لیکن غریب کسانوں کے لئے کچھ نہیں کرتے بلکہ اون کو ختم کررہے ہیں ۔ وہ کسان جو آپ کی شان و شوکت کو برقرار رکھنے کا ذمہ دار ہے اوسکے لئے آپ اونرشپ (Ownership) دینے کے لئے جھجک محسوس کررہے ہیں ۔ آپ بیواؤں کے لئے پروویژنس (Provisions) رکھئے ۔ ڈس ایبلڈ (Disabled) لوگوں اور ویڈوز کو لینڈ (Land) دیجئے ۔ اپوزیشن کا کوئی ممبر جسے تھوڑی سے بھی سمجھ ہو اعتراض نہیں کریگا بلکہ اس سلسلہ میں آپ کی تائید کریگا ۔ لیکن اکس سرویس مین (Ex-servicemen) کے لئے زمین رکھنے کے کیا معنی ہیں ؟ اون کو گیارنٹیڈ اکوپیشنس (Guranteed occupations) ہیں ۔ اون کو سرویس پر پنشن ملتی ہے ۔ وہ زندہ رہتے ہیں تو پنشن ملتی ہے مرجاتے ہیں تو اون کے خاندان کو پنشن ملتی ہے ۔ لیکن سوال یہ رہ جاتا ہے کہ آپ غریب کسانوں کو اونر شپ (Ownership) دینگے یا نہیں ؟ ٹیننٹس (Tenants) کو آپ اون کے رائٹس (Rights) دینگے یا نہیں ؟ اس سلسلہ میں آپ کے خیالات پروگریسو (Progressive) ہیں یا نہیں ؟ میں تو سمجھتا ہوں کہ وہی اکسپلائٹیشن کرنے کی مینٹالیٹی ہے کہ گھر میں بیٹھ کر ذرائع آمدنی تلاش کئے جائیں ۔ اس طرح کا جوا کھیلنے سے کنٹری (Country) کا پرابلم (Problem) سالوو (Solve) نہیں ہوسکتا ۔ آپ کی اس پالیسی سے ہم کو بنیادی طور پر اختلاف ہے ۔ اگر آپ اس مسئلہ کو سالوو (Solve) کرنا چاہتے ہیں تو اس کا کرکٹ سولیوشن (Currect solution) پیش کیجئے ۔ لیکن آپ نے جو چیز پیش کی ہے اوس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ کوئی کرکٹ سولیوشن نہیں ۔ آج ملینس آف ایکرس سرپلس لینڈ موجود ہے ۔ آپ اسکو ڈسٹریبیوٹ (Distribute) کرسکتے ہیں ۔ لینڈ ٹودی ٹلر (Land to the tiller) کا کرکٹ سولیوشن نکل سکتا ہے ۔ اوس کے لئے یہ کرنا چاہئے کہ کوئی آدمی اسکو اکسپلائٹ نہ کرے ۔ کوئی مڈل ایجنٹ (Middle Agent) اوسکے اور گورنمنٹ کے درمیان نہ ہو ۔ اگر کوئی شخص خودکاشت کرتا ہے اور زرعی مزدوروں اور نوکروں کے ذریعہ کاشت کرتا ہے تو وہاں بھی انڈسٹریل ایکٹ (Industrial Act) لاگو کیجئے ۔ خود یہ خود معاملہ

صاف ہو جائیگا ۔ وہ آدمی کاشت کرسکےگا اور خود ہی ھل بھی چلاسکےگا ۔ اور ھمارے دوست جو یہاں گدیوں پر بیٹھے ہوئے ھیں اپنی اپنی زمینوں سے خود بہ خود دست بردار ہو جائینگے ۔ آپ مینیمم ویجس (Minimum wages) کا ایکٹ وھاں لاگو کیجئے۔ یہ لینڈ لارڈس خود بہ خود اپنے بل ڈوزرس (Bull Dozers) اور ٹریکٹرس (Trac-tors) لیکر بھاگ جائینگے ۔ میرا زراعت میں چھ سات سال کا تجربہ ھے ۔ جو لوگ معاوضہ دیکر زراعت کرتے ھیں وہ اکسٹنسیو کلٹیویشن (Extensive cultivation) نہیں کرسکتے ۔ جو وکیل ھیں دیشمکھ ھیں ڈاکٹر ھیں وہ سائیڈ آکویشن (Side occupation) کے طور پر جو کاشتکاری کرتے ھیں وہ اکسٹنسیو کلٹیویشن (Extensive cultivation) نہیں کرسکتے ۔ ذرا سی سری میں ھی کاشت کرسکتے ھیں۔ ممکن ھے ھمارے دوست یہ اگزامپل (Example) دین کہ تڑپلا پلی میں ایسی زراعت ھوسکتی ھے ۔ لیکن میں یہ صاف صاف کہنا چاھتا ھوں کہ ایک سنسیر اگریکلچرسٹ (Sincere Agriculturist) اکسٹنسیو کلٹیویشن نہیں کرتا ۔ فالتو زمین نہیں رکھتا ۔ آپ کلکٹیویزم (Collectivism) چاھتے ھیں مگر یہ چیز تو کنٹری کے ایجوکیشن پر منحصر ھے ۔ اس کے لئے تو مینٹالیٹی کو چینج کرنا پڑیگا ۔ جب تک ایسا نہیں کیا جائیگا میں کہونگا کہ یہ آئیڈیاز (Ideas) کلکٹیو اگریکلچر کے یہ سلوگنس (Slogans) سب بوگس (Bogus) ہیں ۔ امپراکٹیکیبل (Impracticable) ھیں ۔ ان ریفارمس (Reforms) کا عمل میں لایا جانا امپاسیبل (Impossible) ھے ۔ اس میں تو ایک ریڈیکل چینج (Radical change) کی ضرورت ہوگی ۔ ورنہ اس کے جو نتائج اور رپرکشنس (Repercussions) ہونگے وہ آپ کو بھگتنے پڑینگے ۔ اس طرح آپ غریب ٹننٹس (Tenants) کو مجبور کر رہے ھیں کہ وہ خوش حال زندگی بسر نہ کریں ۔

شری وٹھل ریڈی ۔ ابھی ابھی آنریبل ممبر فار ابراھیم پٹن نے ان لینڈ ریفارمس (Land Reforms) کی ضرورت نہ ہونے پر اور سیلنگ قائم نہ رکھنے کے متعلق ایک لمبی چوڑی تقریر کی ۔ جہاں تک میں اون کی تقریر کا عین مطلب سمجھ سکا وہ یہ ھے کہ ان لینڈ ریفارمس (Land Reforms) کی وجہ سے یا کسی قسم کی سیلنگ (Ceiling) رکھنے کی وجہ سے یا اس پر کوئی پابندی عائد کرنے کی وجہ سے لینڈلیس (Landless) لوگوں کو زمین نہیں مل سکے گی ۔ اور اس کے لئے جو سلوشن (Solution) رکھا جا رہا ھے وہ قابل سرسبزی نہیں۔ سنہ ۱۳۳۶ ف میں سابقہ حکومت نے قانون شکمیداران نافذ کرنے کی کوشش کی جسکو عمل میں نہیں لایا گیا ۔ حالات اوس وقت کچھ ایسے تھے جن کی بناء پر لینڈ (Land) کی اونرشپ (Ownership) میں تبدیلیاں لانے کی ضرورت تھی ۔ اون کا یہ بھی کہنا ھے کہ اس کا سلوشن (Solution) بالکل انڈا ٹرکٹلی

(Indirectly) کیا جاسکتا ہے - اون کے متعلق لیبررس ایکٹ (Labourers' Act) لاگو کردیا جائے تو اون کے حقوق چلے جائینگے اور وہ لوگ زمینات چھوڑ دینگے - جو بڑے بڑے پٹہ دار ہیں جن کے پاس دولت ہے زمین ہے اور دیگر ذرائع ہیں وہ اگریکلچرل لیبر (Agricultural labour) کو چھوڑ کر میکانیکل لیبر (Mechanical labour) کے ذریعہ کام کرسکتے ہیں - یہ چیز بھی ہمارے سامنے ہے - اس تعلق سے ایک اور بات یہ ہے کہ اس طرح کی کوتاہیوں کی وجہ سے بیروزگاری بڑھجائیگی - اسلئے قولداروں کو زمین ملنی چاہئے - اور جو لوگ ذاتی طور پر کاشت کرتے ہیں اور جو حقیقی طور پر کلٹیویٹرس (Cultivators) ہیں اون ٹیننٹس کو حتی الامکان زمین دینے کی کوشش کی جائے - اس نقطہ نظر سے یہ امینڈنگ بل پیش کیا گیا ہے - سنہ ۵۰ ع میں ٹیننسی ایکٹ (Tenancy Act) جو نافذ ہوا اوس وقت مادھو راؤ کمیٹی بیٹھی اور اکنامک ہولڈنگ (Economic Holding) کی رائے دی - اوس میں تبدیلی کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی اور تبدیلی کی جاکر متبادل صورتیں پیش کرنے کی کوشش کی گئی اور بالآخر اس بل کے ذریعہ زمینات پر سیلنگ لگاکر لینڈ لارڈس (Landlords) کو ختم کرنے کے لئے گورنمنٹ نے ایک قدم اٹھایا - یہ صحیح ہے اور اس کو ماننا پڑیگا کہ جو پرنسپلس (Principles) اس میں لے ڈاؤن (Lay down) کئے گئے ہیں ان سے کسی کو انکار نہیں ہوسکتا فی الواقعی ایک طرح سے یہ ایک بڑا قدم اٹھایا گیا - لیکن اس میں عملاً کچھ دشواریاں ہیں - اس کے پیش نظر ممکن ہے کچھ لوگوں کو زمین نہ مل سکے - میں بھی اس رائے سے متفق ہوں کہ بڑے بڑے زمیندار ہوشیار ہوگئے اور انہوں نے اپنی زمینات کا پہلے سے ہی انتظام کرلیا ہے - اس لئے وہ اس ایکٹ سے متاثر نہیں ہونگے - جیسا کہ آنریبل ممبروں نے اندیشہ ظاہر کیا ہے اس کا اثر مڈل میان (Middle man) یا مڈل پیزنٹس (Middle Peasants) پر ہونے والا ہے میں اونکی رائے سے متفق ہوں - لیکن اس کے ساتھ ساتھ کچھ ایسے لوگ بھی ہونگے جنھیں زمینات ملینگی - یہ خیال ایک حد تک درست معلوم ہوتا ہے - اس کا اعتراف کرتے ہوئے میں اپنے نقطہ نظر سے کچھ عرض کرونگا - وہ یہ کہ ہم نے ایک فیملی ہولڈنگ (Family Holding) کے کنسپشن (Conception) کو مد نظر رکھکر پانچ ممبروں کے لئے (۸۰۰) روپیے کا تعین کیا - اب ہم کو حقیقت میں یہ دیکھنا چاہئے کہ کیا فی الواقعی اس میں کوئی غریب سے غریب کسان بھی گزر بسر کرسکتا ہے ؟ جیسا کہ ایک آنریبل ممبر آف دس سائیڈ (Hon'ble member of this side) نے بتلایا فی ممبر فی ماہ (۱۳-۵-۴) سے زیادہ نہیں مل سکتا - تو اس رقم میں کیسے وہ شخص کام چلاسکے گا ؟ چاہے وہ ذاتی طور پر کاشت کرے یا کسی کو نوکر رکھ کر کاشت کرے - اس لئے ہم نے یہ سیلنگ (Ceiling) رکھی ہے کہ آٹھ سو روپیہ کی حدتک آمدنی کی اراضی

اوس کے حق میں چھوڑ دی جا رہی ہے تا کہ پانچ ممبروں کی جو فیملی ہے وہ کسی نہ کسی طرح زندگی بسر کرسکے - ایک آنریبل ممبر نے کہا کہ یہ سکنڈ گریڈ کی تنخواہ ہے لیکن میں کہونگا کہ یہ تھرڈ گریڈ کی تنخواہ کے مماثل ہے - یہ تو ظاہر ہے کہ وہ (۵۰) روپیے کی آمدنی میں زندگی بسر نہیں کرتا - یہ دقتیں ہم محسوس کر رہے ہیں - ہم کو یہ چیزیں انالیسس (Analysis) کرنے کے بعد یہ معلوم ہوا کہ فی الواقعی ایک طرح سے انکریجمنٹ (Encouragement) ہونا چاہئے - اس طرح ہیلدی گروتھ آف کلٹیویشن (Healthy growth of cultivation) کے مواقع دئے جا رہے ہیں - اپوزیشن کے آنریبل لیڈر نے اپنی پارٹی کے نقطہ نظر سے اور سرشاسٹ پارٹی کے لیڈر نے بھی اپنی پارٹی کے نقطہ نظر سے کچھ تجاویز پیش کی ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ وہ خیالی باتیں ہیں جو درست نہیں ہوسکتیں - اپوزیشن کے آنریبل لیڈر نے یہ بھی فرمایا ہے کہ تلنگانہ کی زمین کے لئے دو فیملی ہولڈنگس کی سیلنگ کافی ہے - مرہٹواڑی کے لئے (۵۰) ایکر ظاہر کی گئی ہے - ہمارے آنریبل ممبر فار عثمان آباد (صحیح کانسٹی ٹیونسی یاد نہیں - شری ادھوراؤ پاٹیل) نے انالیسز (Analysis) کرتے ہوئے بتلایا کہ (۱۰) ایکر زمین سے آسانی سے ایک ہزار کی آمدنی حاصل کی جاسکتی ہے - میں کہونگا کہ اگر اون دس ایکر کے چالیس پچاس پلاٹ نہ بنائے جائیں بلکہ اجتماعی طور پر کاشت ہو تو ایک ہزار تو کیا ۱۰ ہزار کی آمدنی ہوسکتی ہے - لیکن اگر اوس کے حصے اور ٹکڑے کردئے جائیں تو ایک ہزار روپیہ بھی آمدنی نہ ہوسکے گی - اس بل پر بحث کرتے وقت چیزوں کو اپنے نقطہ نظر میں رکھنا ضروری ہے - اس سلسلہ میں کمیشن کام کرے گا اور متبادل ذرائع فراہم کرے گا - ممکن ہے کہ اس سلسلہ میں یہ کہا جائے کہ کمیشن برابر معلومات حاصل نہ کرسکیگا - یہ صحیح ہے ، میں اس سے متفق ہوں - اسکی زندہ مثال تلف مال کی کارروائیاں ہیں - اس سلسلہ میں قانون موجود ہے - ایک ایکر میں (۳۲) من پیداوار ہوتی ہے تو چھ من کی معافی دیجاتی ہے - اس سے کم ہوتو نصف معافی دیجاتی ہے اور تین من سے کم ہوتو پوری معافی دیجاتی ہے - لینڈ کمیشن کے لئے بھی یہ چیز مشکل ہوگی کہ ایک زون (Zone) مقرر کرکے ایک ایک دو دو ایکری زمینات کا امتحان کرے کہ اس میں اتنی پیداوار ہوسکتی ہے یا نہیں اس کا اندازہ قائم کرنا مشکل ہوگا - کوئی آنریبل ممبر یہ نہ سمجھے کہ میں اپنی پارٹی کے نقطہ نظر سے ایسا کہہ رہا ہوں - بلکہ میں اپنے ویوز (Views) ایک کاشتکار کی حیثیت سے ظاہر کر رہا ہوں - یہ چیزیں میں اپنے تجربات کے لحاظ سے کہہ رہا ہوں - یہ میرے ذاتی امپریشنس (Impressions) ہیں - اس کو پارٹی کے نقطہ نظر سے نہ جانچا جائے - یہ دقتیں ہیں - ان کی وجہ سے کمیشن کو مشکلات کا سامنا کرنا ہوگا - ہم کو یہ بھی دیکھنا پڑیگا کہ ایک ایکر کا ایک حصہ اچھا بھی ہوسکتا ہے اور اوسی ایکر کا دوسرا خراب بھی ہوسکتا ہے - اس لئے فیملی ہولڈنگ کیلئے بس پانچ ایکر چھوڑنے کے بعد نہ تو اس میں کاشت کرسکتے ہیں نہ اگریکلچرل پروڈیوس

(Agricultural Produce) میں کوئی ترقی ہوسکتی ہے۔ اس سے نقصانات ہونگے۔ ہمارے اندیشے میں یہ چیزیں آرہی ہیں۔ ممکن ہے یہ بل سلکٹ کمیٹی کے کنسیڈریشن (Consideration) کے لئے بھیجا جائے اور وہاں یہ اپروو (Approve) بھی ہوجائے۔ وہاں ان تمام چیزوں پرغور کرنا ہوگا۔ کسی ایک بیسس پر اس کو دیکھنے کی ضرورت نہیں۔ اوسکے علاوہ ہمارے پروڈکشن کے طریقے کو بھی پیش نظر رکھنے کی ضرورت ہے۔ ہمارے پاس ڈیولپڈ کلٹیویشن (Developed cultivation) کا طریقہ نہیں بلکہ وہی پرانا طریقہ چلا آرہا ہے۔ لینڈ کمیشن کے لئے یہ چیز ممکن ہے کہ ایک بیس مختص کرکے ایوریج (Average) نکالے جس طرح تلف مال کے لئے کرتے ہیں۔ یہ دقتیں ہمارے سامنے ہیں۔ سنہ ۱۹۵۰ع میں ٹیننسی ایکٹ نافذ ہونے کے بعد واقعتاً ٹیننٹس کو جتنا فائدہ ہونا چاہئے نہیں ہوا۔ بلکہ انہی لوگوں کو فائدہ پہنچا جو بڑے بڑے زمینات رکھتے تھے۔ بڑے بڑے زمینداروں نے اپنی زمینات ریزوم (Resume) کرلی ہیں۔ اگرچیکہ کچھ ٹیننٹس کو بھی زمینات واپس ملگئی ہیں۔ لیکن حقیقت میں جتنا فائدہ اس ایکٹ سے ہونا چاہئے نہیں ہوا۔ آج کل ہر چھوٹے موٹے ٹیننسی کے کیس میں یہ امپریشن (Impression) قائم ہوگیا ہے کہ جب کبھی کوئی کیس جاتا ہے توکہا جاتا ہے کہ یہ تو لینڈ لارڈ کا کیس ہے۔ چھوٹے قسم کے پٹہ دار جو دس پندرہ ایکر زمین رکھتے ہیں اون کا شمار بھی بڑے پٹہ داروں میں کیا گیا ہے۔ یہ امپریشن آگے چل کر کچھ اچھے نتائج پیدا نہیں کریگا۔ اپوزیشن کے آنریبل ممبرس نے لینڈ کمیشن سے فائدہ نہونے کا اندیشہ ظاہر کیا حیدرآباد اور ہندوستان میں زمینات کا جو پیچیدہ مسئلہ ہے اس کو سلجھانے کے لئے کوئی شخص قطعی رائے دینے کے موقف میں نہیں ہے۔ آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن نے کہا کہ اگر کسی کاشتکار کو ۲۰ ایکر ویٹ لینڈ (Wet-land) بھی دیدیجائے تو وہ کافی نہیں . . . .

شری بی۔ ڈی۔ دیشمکھ (بھوکردن۔ عام) انہوں نے ایسا نہیں کہا ہے۔ آپ غلط مت کوٹ (Quote) کیجئے۔ انہوں نے جو ایکریج ورک اوٹ (Workout) کیا تھا اسکی تفصیل انہوں نے بتلائی تھی۔

شری وٹھل ریڈی۔ بہر حال انہوں نے جو کچھ بھی رکھا ہے میں اس سے (۱۰) ایکر زیادہ ہی رکھتا ہوں۔ ہمارے پاس ایسے بھی لوگ ہیں جو (۳۰) ایکر زمین سے (۱۰۰۰۰) روپئے منافع بھی حاصل کرسکتے ہیں۔ لیکن ایسی اراضیات بہت ہیں۔ اس کے لئے بڑے تالاب اور پراجکٹس کے ذرائع ہونے چاہئیں۔ اور ہمارے پاس بڑا پراجکٹ نظام ساگر ہی ہے۔ اس قسم کے اور پراجکٹس نہیں ہیں۔ تلنگانہ میں تو بڑی بڑی چلکہ زمینات ایسی ہیں جن میں سوائے پتھروں کے کچھ نہیں۔ اس میں

کاشت نہیں کی جاسکتی - ناگر لشی کرکے اس میں چارہ بھی نہیں پیدا کیا جاسکتا - ان حالات میں یہ خیال غلط ہے کہ ۳۰ ایکر یا ۵۰ ایکر زمین کافی ہوسکتی ہے -

شری بی - ڈی - دیشمکھ - تو آپ اپنی پالیسی بیان کیجئے -

شری وٹھل ریڈی - جی ہاں ، میں اسی طرف آرہا ہوں - جس مقصد کو سامنے رکھتے ہوئے ہم زمینداری کو ختم کرنا چاہتے ہیں اس کے لئے ۳۰۰ ، ۴۰۰ یا ۵۰۰ ایکر کی حد مقرر کردی جاتی تو اس سے پیچیدگیاں پیدا ہوتیں - اس پر غور کیا جاسکتا ہے کہ تری کتنی ہونی چاہئے اور خشکی کتنی - اس بارے میں مادھو راؤ کمیٹی نے جو رپورٹ پیش کی ہے وہ میں سمجھتا ہوں کہ ایک حد تک درست ہے - ایک ایکر تری کے لئے ۱۰ ایکر چلکہ یا ۵ ایکر خشکی چھوڑ دی جائے تو اس سے ہوگا یہ کہ کاشتکار کے پاس جو جانور ہوتے ہیں وہ پلینگے - اور زراعت کی ترقی کے لئے یہ ضروری ہے - زراعت کی ترقی کے لئے کاشتکار کے کام آنے والی چیزوں کی حفاظت بھی ضروری ہے - اس سے پروڈیوس (Produce) بڑھیگی وہ اپنی زمین سے زیادہ پیداوار حاصل کرنے کی کوشش کریگا - مجموعی طور پر اس طرح ملک کی پیداوار بڑھیگی - اس اصول کے تحت کاشتکار اسی طرح زیادہ محنت کریگا جس طرح کوئی وکیل یا ڈاکٹر یا بزنس مین (Businessman) یا کوئی اور زیادہ کمانے کے لئے زیادہ محنت کرتا ہے - ظاہر ہے کہ ان پر تو کوئی سیلنگ (Ceiling) نہیں ہے - وہ زیادہ محنت کرکے زیادہ کماسکتے ہیں - بہرحال یہ میری رائے ہے -

اس بل میں میں ایک نقص پاتا ہوں جس کا اظہار کردینا ضروری سمجھتا ہوں - وہ یہ ہے کہ اس بل کے تحت (۵) سال کے بعد پھر یہ دیکھا جائیگا کہ کیا کاشتکار کو اس کی اراضی سے (۳۶۰۰) سے زیادہ آمدنی تو نہیں ہورہی ہے - یہ بہت بڑا نقص ہے - اس کے معنی یہ ہوں گے کہ کاشتکار (۳۶۰۰) سے زیادہ آمدنی حاصل کرنے کی کوشش ہی نہ کرے - اس لئے کہ اگر وہ ایسا کرتا ہے تو اس سے گورنمنٹ سرپلس (Surplus) زمین واپس لے لیتی ہے - اس بات پر ٹھنڈے دل سے غور کیا جانا چاہئیے -

آنریبل ممبر فار سلطان آباد نے جن باتوں کی طرف اشارہ دیا اور جن ٹکنیکل مسٹیکس (Technical mistakes) کا ذکر کیا ان سے ہٹ کر میں ان چیزوں کی طرف اشارہ کرنا چاہتا ہوں جو بل میں رکھی گئی ہیں - انہوں نے کہا کہ اکنامک ہولڈنگ (Economic holding) کو تھری ٹائیمس (Three times) کرکے جو فیاملی ہولڈنگ میں تبدیل کیا گیا ہے اس سے

جو دقتیں ہوں گی اس سے لینڈ لارڈ کی تائید کرنے کا منشاء ظاہر ہوتا ہے - یہ خیال درست نہیں ہے - کیونکہ کلاز ۳ میں لینڈ لارڈ کو پرسنل کاشت کے لئے فیملی ہولڈنگ کی تگنی اراضی کا اختیار دیا گیا ہے - جو زیادہ زمین ہوگی خریدنے والا اس پوری زمین کو خرید سکتا ہے - یہ چیز بے معنی ہوجاتی ہے - لیکن یہ کانسی کوئنشیل امنڈمنٹ (Consequential Amendment) ہے - پٹہ دار کو جو حق دیا جارہا ہے اس کے نتیجے کے طور پر اس ترمیم کی ضرورت ہے - پہلے اکنامک ہولڈنگ یا اس سے کم اراضی رکھنے والا پٹہ دار ہے......

Shri A. Raj Reddy: Sec. 38 (c) which the hon. Member is referring is not made subject to Section 44.

شری وٹھل ریڈی - سکشن ۳۸ - سی میں اکنامک ہولڈنگ سے کم رقبہ کا کوئی پٹہ دار ہے اور اس کے پاس سے ٹیننٹ وہ زمین خریدنا چاہتا ہے تو ایسی صورت میں "سبجکٹ ٹو" (Subject to) کے الفاظ رکھے گئے ہیں - میں آپ کے مطلب کو واضح نہیں سمجھ سکا......

Shri A. Raj Reddy: The hon. Member could absolutely take all the three family holdings without leaving anything or without imposing the conditions mentioned in Sec. 44.

شری وٹھل ریڈی - اس بل کو ریٹرواسپکٹیو ایفکٹ (Retrospective effect) دینے کے بارے میں جو کہا جارہا ہے وہ بھی درست نہیں ہے - اس میں بہت سے لوگ ایسے ہیں جنہوں نے نیک نیتی سے زمین خریدی ہے اور قابض ہیں - اگر ریٹرواسپکٹیو ایفکٹ اس میں رکھا جائے تو وہ بھی اس کی زد میں آجائینگے - یہ ہوسکتا ہے کہ کوئی اپنے بھائی یا بیوی کے نام سے لے - جو بھائی کے نام سے زمین لی جاتی ہے اس کے لئے تو کوئی جھگڑا ہی نہیں ہے - وہ جائز ہوتا ہے - البتہ بیوی بچوں کے نام سے لیتا ہے تو ایسا نہ کرنے کے لئے قانون میں آئندہ کوئی گنجائش رکھی جاسکتی ہے - لیکن یہ کہنا کہ پوری طرح اس کو ریٹرواسپکٹیو ایفکٹ دیدیا جائے میں کہوں گا کہ یہ درست نہوگا -

Shri. A. Raj Reddy: Under which Section, the Govt. can make such rules?

شری وٹھل ریڈی - اس سے پہلے کے ٹیننسی ایکٹ میں سکشنس بنانے کے لئے پراویژن (Provision) موجود ہے - اس کے تحت قواعد بنائے جاسکتے ہیں -

اتنا کہکر میں اپنا تقریر ختم کرتا ہوں -

شری جی - سری راملو - آج ایوان کے سامنے بہت بڑا مسئلہ ہے - پورے بھارت میں زمین کے مسئلہ کو حل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے - لیکن یہاں جو طریقہ اختیار کیا جارہا ہے اور جس طرح یہ بل لایا گیا ہے وہ بالکل ہی نرالا ہے - برسر اقتدار پارٹی اس سے پہلے اس بارے میں لوگوں سے ایک زمانے میں چلاچلا کر پکارپکار کر کہتی تھی - مجھے افسوس ہے کہ اس طرح کی ترمیم سے اس کی ورڈنگ (**Wording**) سے اس ہیڈنگ سے لینڈ پرابلم حل نہیں ہوسکتا - آپ کو اس کی تہہ تک پہنچنا چاہیئے - آپ کا دل اگر کسان کا دل بنے تو تب ہی آپ اس کے پرابلم کو سالو (**Solve**) کرسکتے ہیں - اگر آپ کی ہمدردی لینڈلارڈس اور زمینداروں کے ساتھ ہوتی ہے تو یہ بالکل نیچرل (**Natural**) بات ہے - اس لئے کہ رولنگ پارٹی جاگیردارانہ فریم ورک (**Frame-work**) میں پھنسی ہوئی ہے - اس لئے آپ کی ہمدردیاں ان کے ساتھ ہیں - اس سے کام نہیں چل سکتا - بڑی بڑی کانفرنسیں کرنا نیتاؤں کو بلانا اور شان شوکت کا اظہار کرنا کیا ثابت کرتا ہے؟ آپ چاہتے ہیں کہ سرمایہ دارانہ جاگیردارانہ نظام اور لینڈلارڈز آپ کے بل بوتے پر کھڑے رہیں - اس کو آپ نے کلیہ بنالیا ہے - اسی بل بوتے پر کانگریس کا ادارہ کام کررہا ہے - اس لئے ....

شری وٹھل ریڈی - میں نے اپنی ذاتی رائے کا اظہار کیا تھا - اس کے باوجود اگر آنریبل ممبر اپنی تقریر میں پارٹی کو لاتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ ....

شری جی - سری راملو - میں آپ سے مخاطب نہیں ہوں - میں نے تو آپ کو چھوڑ دیا ہے - آپ کے ادارے کی نسبت کہہ رہا ہوں - اس بل میں کہیں یہ نہیں بتلایا گیا کہ جاگیردار ، سرمایہ دار ، اور لینڈلارڈز کسی صورت میں ایوکشن (**Eviction**) نہیں کرسکیں گے - مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ایک سال کے تجربہ کے بعد جو امنڈنگ بل لایا گیا ہے وہ ایسا نہیں جس کا عوام مطالبہ کررہے تھے ، جس کی نسبت پرجا سوشلسٹ والے کہتے آئے ہیں - یہ مسائل کو حل کرنے والا نہیں ہے - اور پھر یہ کہ اصل ایکٹ سے بڑھکر صفحات پر اس کا امنڈنگ بل آیا ہے - میں تو کہوں گا کہ یہ بل نہیں ہے بلکہ

You are substituting another Act in the place of the original Act.

میں یہی کہوں تو اچھا ہے - کیونکہ آپ نے کسی دفعہ کو نہیں چھوڑا جس میں ترمیم نہ کی گئی ہو - ایک آنریبل ممبر نے کہا کہ جو بل لایا گیا ہے اس میں اب کسی مزید ترمیم کی نوبت نہ آئیگی -

میں واضح کردینا چاھتا ھوں کہ آپ سو سال حکومت میں رھئے لیکن جب تک زمینداروں کے ساتھ آپ کا طریقہ یہ ھوگا کوئی مسئلہ حل نہیں ھوسکتا ۔ رولنگ پارٹی نے یہ جو سبسٹیٹیوشن (Substitution) بل کی شکل میں لایا ھے اوس سے زمین کا مسئلہ حل نہیں ھوگا ۔ بلکہ میرے خیال میں یہ بل مضرت رساں ثابت ھوگا ۔ قولداروں کو اسنادات دینے کا کام جاری ھے ۔ اور بنگا بجا کر ھم نے اور آپ نے اعلان کیا ۔ آپ کہتے ھیں کہ چھ لاکھ سرٹیفیکٹس دئے گئے ھیں ۔ تمام لوگ عوام سے جاکر کہے تھے کہ آپ سند لیجئے ۔ آپ درخواست دیکر اسناد لیجئے تو وہ جواب دیں گے کہ جن لوگوں نے نئے اسناد لئے ھیں ان کا کیا حشر ھوا؟ کسی قولدار کی زمین اگر وہ بیچدے تو جو وعدہ ھم نے کیاتھا وہ کھوکھلا ثابت ھورھا ھے ۔ آپ نے اور ھم نے جو وعدے کئے تھے ان کا حشر کیا ھوا ؟ لیگل رائیٹس (Legal Rights) کو قائم رکھنے کی جو ذمہ داری حکومت پر ھے وہ وہ پوری نہیں ھوتی ۔ پھیکا سا منہ لیکر کسانوں کے سامنے حکومت کھڑی ھے ۔ نود فیصد قولدار اس کی وجہ سے بیدخل ھوجائینگے ۔ ٹیننٹس کو بیدخلی سے روکنے کے لئے ایک کلاز بھی نہیں رکھا گیا ھے ۔ آنریبل چیف منسٹر نے سکشن (۴۴) کو روک کر جو سرکیولر جاری کیا ھے اوس سے کچھ فائدہ تو ھوا ۔ میں اس کو مانتا ھوں ۔ لیکن قانوناً ان کو ایسا نہ کرناچاھیئے تھا ۔ اسمبلی کو جو حق حاصل ھے اس کا استعمال کوئی اور کرے تو غلط ھوگا ۔ لیکن آپ نے اس کو روکنے کے لئے ایک سرکیولر جاری کیا ھے ۔ ایسا معلوم ھوتا ھے کہ اسمبلی سے بڑھکر ریوینیو بورڈ کے اختیارات ھوگئے ھیں ۔ میں نہیں سمجھتا کہ ان کو کس حدتک اس کا اختیار ھے ۔ اس سے ابو کشن تو رک گیا ھے ۔ لیکن یہ طریقہ کس حدتک لیگل (Legal) ھے مجھے نہیں معلوم ۔ میں نہیں کہہ سکتا کہ یہ طریقہ قانوناً درست ھے ۔ اب باضابطہ آپ نے ایسی دفعہ رکھی ھے کہ لینڈ ھولڈر چھوٹا ھو یا بڑا ھو (۳۶) سو روپیہ کی آمدنی کی اراضی تک فائدہ اٹھا سکے گا ۔ دفعہ ۴۴ ضمن ایک ۔ دو ۔ تین کو دیکھا جائے تو معلوم ھو کہ دو فیملی ھولڈنگس رکھنے والا زمیندار تین فیملی ھولڈنگس حاصل کرنے تک ٹیننٹس کو بیدخل کرسکتا ھے ۔ صرف ایک فیملی ھولڈنگ رکھنے والا دو فیملی ھولڈنگس تک پہنچ سکتا ھے ۔ فیملی ھولڈنگس تک پہنچنے تک کسی کی حالت کو دیکھنے کی ضرورت نہیں ھے ۔ اور قولدار کو کیا بچے گا اسکو دیکھنے کی ضرورت نہیں ھے ۔ جیسا کہ سند کے لئے آپ نے اور ھم نے کوشش کی تو اب عوام کیا سمجھیں گے؟ معلوم نہیں ۔ لیکن ھم تو اس کی پوری ذمہ داری کانگریسی حکومت پر ڈال دیں گے ۔ پرسوں ھی ایک آنریبل ممبر نے کہا کہ ان قولداروں میں سے بہت لوگ صحیح طورپر قابض نہیں تھے ۔ حقیقی قولدار نہیں تھے ۔ ظاھر ھے کہ اتنی ھمدردی آپ نے خود اس بل میں رکھی ھے ۔

"Any tenant who is in the possession of land at the commencement of this Act can be deemed as a protected tenant"

یہ آپ دیکھ رہے ہیں ۔ اس بنا پر تحصیلدار اگر نہ دے تو آپ کی ہمدردی کا اب قلع قمع کیا جا رہا ہے ۔ آپ ذرا دل پر ہاتھ رکھکر سوچئے اس بل کی وجہ سے بیدخلیوں کی بوچھار اتنی بڑھ جائیگی کہ آپ اس کا اندازہ نہیں کرسکتے ۔ اس نقطہ نظر سے میں کہونگا کہ اس منڈنگ بل کے اسٹیٹمنٹ آف آبجکٹس اینڈ ریزنس (Statement of objects and Reasons) میں جو کچھ بتایا گیا ہے میں اوس انٹنشن (Intention) کی داد دونگا ۔

'In order to afford better protection to tenants to save them from evictions, this amending Bill is being brought'.

یہ انکا مقصد ہے ۔ میں صاف کہنے کے لئے تیار ہوں کہ

"....to afford better security of land to the landholders and to prevent tenants from taking over the pos ession of their lands

اگر اسطرح رکھا جائے تو کیا اس امنڈنگ بل کا مقصد پورا ہوسکتا ہے ؟ آپ نے بیدخلیوں کی خلیج کو اور وسیع کردیا ہے ۔ یہی میرا خیال ہے اور یہی میری پارٹی کا خیال ہے ۔ آپ نے ٹیننٹ کا کوئی خیال نہیں کیا جن کے لئے ہم سب کچھ کوشش کر رہے تھے ۔ اگر ان لوگوں کا خیال نہیں کیا گیا تو جو کامیابی ہم کو حاصل ہوئی ہے وہ ادھوری رہ جائیگی ۔ میں یہ بھی نہیں کہتا کہ اس بل سے کچھ بھی فائدہ نہیں ہوگا ۔ میں ایسا کہنے والوں میں سے نہیں ہوں ۔ دفعہ (۹) میں جو رجسٹری کی شرط رکھی گئی تھی نکالدی گئی ہے ۔ کسی پٹہ دار نے خود تحصیلدار کے پاس جاکر با صیغہ رجسٹری میں جا کر کسی قول نامہ کی رجسٹری نہیں کروائی ہے ۔ اس طریقہ کی رجسٹری کہیں عمل میں نہیں لائی گئی ۔ اس قسم کی رجسٹری کی شرط نکالی گئی ہے ۔ اس تجربہ کا نتیجہ ہے کہ اس شرط کو نکالا گیا ہے ۔ اب آپکی شرط یہ ہے کہ تیس دن کے اندر قول نامے کی کاپی دینی چاہئے ۔ اس طریقہ کو اختیار نہ کرکے دوسرے آدمی کو قبضہ دینے کی صورت میں کلکٹر کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ ۔

"The collector has got the right to evict the wrong person and see that the rightful person is restored on the land."

دفعہ ۱۰ میں یہ بھی امنڈمنٹ لائی گئی ہے ۔ دست برداری میں شرط لگائی گئی ہے اور وہ بھی تحصیلدار کے سامنے ہونی چاہئے ۔ یہ صحیح ہے ۔ تجربہ کے تحت آپ نے ترمیم لائی ہے ۔ پراکٹیکل فیلڈ (Practical field) میں جو تجربات ہوئے اسکے تحت آپنے یہ ترمیم کی ہے ۔ آپ نے تجربات کے تحت جو کچھ رکھا ہے وہ قابل ذکر ہے ۔ ۵ سال کی ایک ٹائیم لیمٹ بھی آپ نے رکھی ہے ۔ اسکے نتیجہ میں آخر میں ٹیننسی تو ختم ہوکر رہیگی ۔ زمین کس کے حق میں جائیگی معلوم نہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ

اس میں پروگریسیو سکشنس (Progressive Sections) کم ہیں اور ٹیننٹس کو نقصان پہنچانے والے سکشنس زیادہ ہیں - اس وجہ سے بیدخلیاں بہت بڑھ جائینگی- ہولڈنگ میں آپ نے تین طریقے کی ہولڈنگ رکھی ہے - بیسک (Basic) اور میگزیمم (Maximum) میں بہت کم ڈیفرنس (Differenc) رکھا گیا ہے - بیسک ۲۵ روپیہ ماھانہ آمدنی کے لئے اسکے بعد ۷۶ روپیہ ماھانہ آمدنی- اس طریقے سے آپ نے رکھا ہے - فیملی ہولڈنگ تک پہنچنے کے لئے قولدار کے پاس زمین رہے یا نہ رہے بیدخل کیا جاسکتا ہے - اسلئے میں کہونگا کہ یہ ٹیننٹس کے حق میں مضرت رساں ہے - اسکی بجائے ایسا رکھا جاتا کہ قولدار سے مالک اراضی اوس وقت تک زمین نہیں لے سکتا جبتک کہ بیسک ہولڈنگ یا فیملی ہولڈنگ قولدار کے پاس نہ رہے- یہ رکھا جاتا تو اچھا ہوتا - آج کا طریقہ تو ایسا ہوگا جیسے کہ اسناد اس ھاتھ سے دئے اور اوس ھاتھ سے واپس لئے - ایسا معاملہ ہوگا ....

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - کیا آپ اور ٹائیم لینگے ؟

Shri G. Sriramulu: Yes, Sir I have taken only 15 minutes.

Mr. Deputy Speaker : The hon. Member may continue his speech tomorrow. We now adjourn till 3 p. m. tomorrow.

The House then adjourned till Three of the Clock on Wednesday, 8th April, 1953.